Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ شوال سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۷ جون سنہ ۱۹۲۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ممانعت جلوس مع باجہ تاریخہای شہادت حضرت امیر علیہ السلام	۱
۲	منظوری ترمیم بعض دفعات دستور عامدیہ	۲
۳	ممانعت نکالنے جلوس مع باجہ متصل جامع مسجد باوقات نماز پنجگانہ	۲ و ۳
۴	رخصت پیشکار تحصیل خاندان	۳
۵	رخصت سپرنٹنڈنٹ میونسپلٹی	"
۶	مستقلی سید محمد ولی حسین نائب تحصیلدار حضور تحصیل	"
۷	رخصت نائب محافظ دفتر صدر	"
۸	رخصت مہتمم کارخانہ [illegible] خانہ	"
۹	نقشہ حیات ممات — نرخنامہ اجناس — نقشہ بارش	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم واقع ۱۲ جون سنہ ۱۹۲۱ء

۱۹ و ۲۰ و ۲۱ رمضان المبارک تاریخہائے شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام ہیں۔ ان تاریخوں میں شادی بیاہ وغیرہ کے جلوس مع باجہ شہر میں نکالنے کی ممانعت کیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

درج گزٹ ہو۔ اور بآواز ذیل منادی کرادیجائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

حسب الحکم [illegible]

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۴ ؍ جون سنہ ۱۹۲۱ء

بموجب مسودہ منسلکہ ترمیم منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

معروض جناب عالی

فدوی نے رپورٹ ناظم صاحب مال منسلکہ عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر پر غور کیا۔ میعاد ہفت روزہ مندرجہ دفعہ ۷۶ اور میعاد پندرہ روزہ مندرجہ دفعہ ۷۸ مین باہم تناقض ہونا اس اعتبار سے لازم نہین آتا کہ دفعہ ۷۶ دستور حامدیہ اور دفعہ ۷۸ دستور حامدیہ مین دو جداگانہ حقوق مستاجر کو دیے گئے ہین یعنی یہ کہ بعد وصول اطلاعنامہ مستاجر کو ایک ہفتہ کے اندر بصیغہ متفرق عذرداری کا حق دیا گیا ہے اور (اگر مستاجر عذرداری نکرے) تو پندرہ روز کے اندر تاریخ مذکورہ سے حسب دفعہ ۷۸ دستور حامدیہ نالش نمبری کا حق دیا گیا ہے۔ لیکن یہ ابہام اس قانون مین ضرور ہے کہ جب ایک ہفتہ مین (عذرداری نہ کرنیکی وجہ) حسب دفعہ ۷۸ استعفا منظور کر لیا گیا تو پھر مستاجر کو نالش کا حق ہونا ایک لغو امر ہے اور یہ کہ دفعہ ۷۶ مین الفاظ کم از کم مہمل ہین کیونکہ نمونہ اطلاعنامہ مین ایک ہفتہ مقرر کر دیا ہے۔ اور یہ کہ زیادہ مدت محدود نہ ہونیکی وجہ سے اگر تحصیلدار نے مثلاً ایک ماہ کا اطلاعنامہ جاری کیا تو باوجود میعاد نالش ہی ختم ہو جانیکی سرسری عذرداری کا موقع باقی رہیگا جو لغو ہے۔ لہذا ان نقائص کو رفع کرنے کے لیے دستور حامدیہ کے دفعات ۷۶ و ۷۸ و نمبر ۲ ضمیمہ سوم مین ترمیم کر دینا مناسب ہے۔ مسودہ ترمیم منسلکہ عرضداشت ہذا باُمید صدور حکم پیش ہے۔ دولت و اقبال جاودانی باد

نقل مسودہ ترمیم دستور حامدیہ

دفعہ ۱ — دفعہ ۷۶ مین الفاظ "کم سے کم ایک ہفتہ" خارج کیے جائین اور بجائے الفاظ مذکور الفاظ "پندرہ روز" درج کیے جائین گے

دفعہ ۲ — دفعہ ۷۸ دستور حامدیہ مین سے الفاظ "کوئی عذر اور درخواست جانب مستاجر یا کارندہ سے نہ پیش ہو" خارج کیے جائین اور بجائے الفاظ مذکور "نالش مجوزہ دفعہ مین ماسبق منجانب مستاجر پیش نہ ہو" درج کیے جائین۔

دفعہ ۳ — ضمیمہ سوم دستور حامدیہ مین بجائے عبارت نمونہ نمبر ۲ حسب ذیل عبارت قائم کیجائے۔

اطلاعنامہ استعفاء کاشت حسب دفعہ ۷۶

بنام مستاجر ______ یا کارندہ مستاجر

جو کہ مسمے ______ ولد ______ قوم ______ کاشتکار آراضی نمبری ذیل واقع موضع ______ پرگنہ ______ کو چھوڑنا کاشت نمبر ذیل کا شروع سال سنہ ۱۳۳۱ف سے منظور ہے۔ اسلیے اُسنے درخواست استعفا پیش کی ہے۔ لہذا یہ اطلاعنامہ تمہارے نام جاری کیا جاتا ہے کہ تم اگر استعفاء مذکور کی نسبت کوئی عذر رکھتے ہو تو پندرہ روز کے اندر حسب ضابطہ پیش کرو ورنہ بعد انقضاے میعاد مذکور استعفا منظور کیا جایگا۔ اور پھر کوئی عذر مسموع نہوگا۔ تحریر بتاریخ ______ ماہ ______ سنہ ۱۹

نمبر کھیت ______ رقبہ ______

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۶ ؍ جون سنہ ۱۹۲۱ء

نماز کے اوقات مین بیاہ شادی وغیرہ کا جلوس مع باجہ کے جامع مسجد کی برابر سے گزرنا غیر مناسب ہے۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ اوقات نماز پنجگانہ کے وقت جسکی صراحت تحت مین کیجاتی ہے جلوس شادی بیاہ وغیرہ کا

باجے کے ساتھ جب گزرے تو پھاٹک ٹکیان سے حضور تحصیل کے دروازہ اور قلعہ معلے کے گرد گزرنے مین پھاٹک ٹکیان سے پھاٹک گھیر ملا طوالگی آمد و رفت دونون حالتون مین باجہ نہ بجایا جائے - بغیر باجے کے جلوس گزرنے کی ممانعت نہین ہے -

ساڑھے چار بجے صبح سے ساڑھے چھ بجے صبح تک

سوا بجے دوپہر سے ڈھائی بجے دوپہر تک -

ساڑھے چار بجے سہ پہر سے سوا نو بجے شب تک -

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون - درج گزٹ کیا جائے - اور بغرض اطلاع عام آوازہ ڈھول منادی کرادیجائے -

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۶ جون سنہ ۱۹۲۱ء

حسب پیشی عرضداشت کونسل خاندان - رخصت رعایتی یکماہ سید عابد حسین پیشکار کونسل خاندان بوجہ علالت ۱۱ جون سنہ حال سے بذمہ داری سید محمد علی پیشکار محکمہ ہوم ڈیپارٹمنٹ و سید وزیر علی اہلمد کونسل خاندان منظور فرمائی گئی -

۱۸ جون سنہ ۱۹۲۱ء

حسب پیشی عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر - مزید رخصت یکماہ سید علمدار حسین سپرنٹنڈنٹ میونسپلٹی ۱۱ جون سنہ رواں سے بوجہ علالت بوضع تنخواہ منظور فرمائی گئی ایام رخصت مین صاحبزادہ سید توسل حسین خان صاحب سپرنٹنڈنٹ ثانی میونسپلٹی رخصتی کے کام کے ذمہ دار رہین گے اور منجملہ تنخواہ رخصت دس روپیہ ماہوار الاؤنس انکو ملیگا باقی تنخواہ بیس روپیہ بحق سرکار بحال ہوگی

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۲ جون سنہ ۱۹۲۱ء

محمد ضیاء اللہ خان نائب تحصیلدار سابق حضور تحصیل عارضی طور پر جج عدالت خفیفہ مقرر ہوئے تھے - اور سید محمد ذکی حسین ملازم کتب خانہ مشاہرہ دار سے ماہوار تاو اپسی محمد ضیاء اللہ خان نائب تحصیلدار حضور تحصیل مقرر ہوئے تھے - اب محمد ضیاء اللہ خان مستقل ممبر بورڈ آف آڈٹ مقرر ہوگئے - لہذا سید محمد ذکی حسین نائب تحصیلداری حضور تحصیل پر مقرر کئے جاتے ہین وہی تنخواہ موجودہ حضور تحصیل سے پائین گے -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام مستقلی سید محمد ذکی حسین جاری ہون -

ملخص حکم اجلاس صاحب یونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ جون سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رائے حاکم صاحب صدر - مزید رخصت رعایتی یکماہ صاحبزادہ سید وصی علی خان بہادر نائب محافظ دفتر صدر بوجہ علالت ۱۳ جون سنہ ۱۹۲۱ء سے ۱۲ جولائی تک باین شرط منظور ہوئی کہ آیندہ سائل کو رخصت نہین دیجائیگی -

۲۳ جون سنہ ۱۹۲۱ء

دس روز کی رخصت تحصیلدار صاحب شاہ آباد کی ۲۹ جون سنہ حال سے بضرورت شادی ہمشیرہ صاحب موصوف منظور ہوئی - ایام رخصت مین نائب تحصیلدار معمولی و ضروری کام انجام دینگے -

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۶ جون سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رائے جناب مہتمم صاحب خاصہ - رعایتی رخصت یکماہ منصرم گاؤمیش خانہ [illegible] ردی حشمت علیخان نائب منصرم گاؤمیش خانہ منظور کی گئی -

تصحیح

گزٹ نمبر ۲۲ مطبوعہ ۱۳ جون سنہ ۱۹۲۱ء جلد ۳۳ کی سطر ۴ مین یار محمد خان کی بجائے (محمد یار خان) صحیح ہے -

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست [illegible] ابتدائے ماہ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																	[illegible]	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	[illegible]	بخار	[illegible]		[illegible]		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۱	۳	۱۸	۲	۵۴	۴۹	۵	۱۳	۱۳	۲	۱	۳۸	۳۱	۵۳	۴۵	۸۲	۱۶	۰	۰	۰	۹۸	۰	۰	۰	۹۸	
گنج	۱۰	۱	۳	۱	۱۵	۱۳	۲	۱۱	۹	۲	۲	۱۸	۲۶	۳۱	۳۷	۵۷	۱۱	۰	۳	۰	۶۵	۰	۰	۰	۶۸	
حوالی شہر	۸	۴	۸	۵	۲۵	۱۲	۱۳	۲	۱	۱	۲	۲۷	۴	۳۰	۷	۱۸	۱۹	۰	۰	۰	۳۷	۰	۰	۰	۳۷	
عظیم نگر	۲	۳	۰	۲	۱۳	۳	۱۰	۱	۰	۰	۰	۹	۶	۱۰	۶	۵	۱۱	۰	۰	۰	۱۶	۰	۰	۰	۱۶	
شاہ آباد	۲۳	۳۵	۱۳	۲۷	۹۹	۳۴	۶۲	۱۲	۱۲	۴	۱	۴۹	۱۷	۶۷	۳۴	۳۵	۶۶	۰	۰	۰	۱۰۱	۰	۰	۰	۱۰۱	
پٹوائی	۸	۴۳	۹	۲۵	۸۶	۱۴	۷۲	۷	۵	۱	۴	۳۶	۱۴	۴۴	۲۶	۲۲	۴۸	۰	۰	۰	۷۰	۰	۰	۰	۷۰	
ملک	۱۱	۸۶	۱۵	۶۵	۱۷۷	۲۶	۱۵۱	۱۷	۱۴	۳	۲	۸۹	۴۸	۱۰۹	۶۴	۱۷	۱۵۶	۰	۰	۰	۱۷۳	۰	۰	۰	۱۷۳	
بلاسپور	۶	۱۳	۱۳	۷	۳۷	۱۸	۱۹	۳	۵	۹	۵	۳۴	۳۳	۲۳	۴۳	۳۲	۵۴	۰	۰	۰	۸۶	۰	۰	۰	۸۶	
کیمری	۲۳	۳۳	۱۵	۲۴	۹۵	۳۷	۵۸	۸	۴	۹	۱	۷۴	۴۸	۸۴	۵۵	۴۹	۹۰	۰	۰	۰	۱۳۹	۰	۰	۰	۱۳۹	
سوار	۳۸	۱۹	۱۰	۱۵	۸۲	۴۷	۳۵	۹	۱۳	۹	۲	۳۷	۲۶	۶۵	۴۱	۵۴	۵۲	۰	۰	۰	۱۰۶	۰	۰	۰	۱۰۶	
ٹانڈہ	۱۲	۷	۳۰	۷	۵۰	۳۶	۱۴	۱۴	۷	۱	۲	۴۳	۳۵	۵۷	۳۳	۶۸	۲۲	۰	۰	۰	۹۰	۰	۰	۰	۹۰	
میزان	۱۲۵	۱۵۹	۱۱۲	۱۸۲	۶۱۲	۲۹۳	۴۳۸	۱۰۱	۸۸	۵۰	۳۲	۲۵۲	۲۸۱	۵۹۳	۳۹۱	۴۳۹	۵۳۵	۰	۳	۰	۹۸۱	۰	۰	۰	۹۸۴	

نقشہ بارش ریاست رامپور ابتدائے ۱۵ ر لغایت ۲۴ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء

تاریخ و دن	صدر: تعداد بارش	صدر: انچ بارش	بلاسپور: تعداد بارش	بلاسپور: انچ بارش	تحصیل سوار: تعداد بارش	تحصیل سوار: انچ بارش	تحصیل شاہ آباد: تعداد بارش	تحصیل شاہ آباد: انچ بارش	تحصیل ملک: تعداد بارش	تحصیل ملک: انچ بارش	تحصیل ٹانڈہ: تعداد بارش	تحصیل ٹانڈہ: انچ بارش
۱۵ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم بدھ	۴	۰			۲	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۶ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم	۵	۹	۰	۰	۲	۸	۵	۰	۱۲	۰	۱۱	۰
۱۷ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم جمعہ	۰	۹	۲	۰	۰	۸	۰	۵	۰	۱۲	۰	۱۱
۱۸ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم شنبہ	۰	۹	۰	۲	۰	۸	۰	۵	۰	۱۲	۰	۱۱
۱۹ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم یکشنبہ	۰	۹		۲	۰	۸	۰	۵	۰	۱۲	۰	۱۱
۲۰ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم دوشنبہ	۱۷	۲۹	۱۲	۱۴	۰	۸	۰	۵	۰	۱۲	۱۳	۲۴
۲۱ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۹	۰	۱۴	۳	۱۱	۰	۵	۰	۱۲	۰	۲۴
۲۲ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم چہارشنبہ	۰	۲۹	-	۱۴	۵	۱۲	۱۱	۱۲	۰	۱۲	۸	۳۲
۲۳ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم پنجشنبہ	۱۳۰	۱۵۶	۰	نقشہ نہیں ملا	۳۳	۴۹	۷۰	۴۶	۹۹	۱۰۰	۰	نقشہ نہیں ملا
۲۴ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء یوم جمعہ	۳۰	۱۹۶	۰	=	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ابتدائے ۲۰ ر لغایت ۲۶ ر جون سنہ ۱۹۲۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۵ ار	۵ ار	۵ ار		۵ ار	
نخود خالص	۰	۱۰۵ ار	۱۰۵ ار	۵ ار	۰	۵ ار	
نخود [illegible]	۰	۶ ار	۷ ار	۶ ار	۰	۶ ار	
[illegible]	۰	۰	۷ ار	۷ ار	۰	۱۰۶ ار	
[illegible]	۰	۴ ار	۱۰۳ ار	۱۰۳ ار	۰	۱۰۳ ار	
[illegible]	۰	۳ ار	۰	۰	۰	۳ ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۷ ار	
[illegible]	۰	۰	۸ ار	۹ ار	۰	۹ ار	
[illegible]	۰	۰	۷ ار	۷ ار	۰	۱۰۶ ار	
[illegible]	۰	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۶ ار	
عدس	۰	۰	۷ ار	۱۰۶ ار	۰	۶ ار	
ارھر	۰	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۰	۱۰۳ ار	
برنج	۰	- ۵ ار	۸ ار	- ۵ ار	۰	- ۵ ار	
روغن زرد		۱ ار	۱ ار	۱ ار	۰	۱ ار	
روغن سیاہ		۱ ار	۱ ار	۳ ار	۰	۳ ار	
روغن [illegible]		۱۱ ار	۲۰ ار	۱۰ ار	۰	۹ ار	
نمک سانبھر		۸ ار	۶ ار	۱۵ ار	۰	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۳ ار	۱۰۲ ار	۲ ار	۰	۱۰۲ ار	
قند سیاہ			۰		۰	۰	
باجرہ	۰						